دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تعلیمی اشتراک کے فروغ کے لیے جاپان سائنس اور ٹیکنالوجی ایجنسی کے وفد کی میزبانی کی

New Delhi, August 06, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جاپانی اداروں اور یونیورسٹی کے درمیان تعلیمی اشتراکات سے متعلق امکانات کے جائزے کے لیے کل جاپان سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ایجنسی (جے ایس ٹی) کے اعلی سطح کے وفد کی میزبانی کی۔

جے ایس ٹی وفد میں جناب تکاشی کونیشی، ڈائریکٹر و پروگرام آفیسر اور جناب یوجی نیشی کاوا، مشیر سکورا سائنس پروگرام، جے ایس ٹی شامل تھے۔ میٹنگ میں جامعہ کی جانب سے اہم علمی شخصیات موجود تھیں۔ ان اہم لوگوں میں پروفیسر اشوندر کور پوپلی، ڈین، انٹرنیشنل ریلیشنس، پروفیسر تنوجا ڈین، اکیڈمک افیئرز، پروفیسر کفیل احمد، ڈین رسرچ اینڈ انویشن، پروفیسر میتو گپتا، صدر، ڈپارٹمنٹ بایوٹکنالوجی، پروفیسر تنویر احمد کمپوٹر انجینرئنگ اور پروفیسر محمد ذوالفقار، شعبہ طبیعیات اور کارگزار ڈائریکٹر سینٹر فار نینو سائنس ونینوٹیکنالوجی شامل تھے۔

پروفیسر اشوندر کور پوپلی نے وفد کا خیر مقدم کیا اور مہمانوں کے سامنے یونیورسٹی کے تعلیمی منظرنامے کو پیش کرتے ہوئے اس کی متنوع فیکلٹیز، تحقیقی مراکز اور جاری بین الاقوامی اشتراکات پر زور دیا۔ اس کے بعد جاپانی وفد نے اپنا تعارف پیش کیا اور ہند۔ جاپان کے مابین تعلیمی وتحقیقی لین دین کو فروغ دینے میں اس کے رول پر زور دیتے ہوئے جے ایس ٹی کے مشن اور پروگراموں کی تفصیلی خاکہ حاضرین کے سامنے رکھا۔ انھوں نے جے ایس ٹی کے حالیہ لانچ کردہ لوٹس پروگرام کو تفصیل سے بتایا جس کا مقصد مصنوعی ذہانت، بایوٹیکنالوجی، توانائی، مٹیریل، قوانٹم ٹیکنالوجی، سیمی کنڈکٹر اور ٹیلی کمیونی کیشنز جیسے اہم شعبوں میں ترقی یافتہ مطالعات اور تحقیق کے لیے جاپان میں تین سو نوجوان ہندوستانی محققین کو سالانہ مدعو کرنا تھا۔

پروفیسر کونیشی نے وفد کو بتایا کہ جے ایس ٹی ہندوستان کے ڈپارٹمنٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (ڈی ایس ٹی) جیسا ہی کام کرتا ہے اور طلبہ اور فیکلٹی اراکین کی ترقی کو سہل تر بناتا ہے۔

انھوں نے واضح کیا کہ دلچسپی رکھنے والے جامعہ کے طلبہ یا فیکلٹی اراکین جاپان کے میزبان اداروں اور فیکلٹی اراکین جو درخواست کی کاروائی شروع کریں گے ان سے براہ راست رابطہ کرسکتے ہیں۔ جے ایس ٹی پرائیوٹ سیکٹر کی کمپنیوں میں مواقع

سمیت تحقیقی مقاصد کے لیے قیام اور انٹرن شپ کے سلسلے میں پوری مدد کرے گی۔

تبادلہ خیالات کے بعد جامعہ کے تحقیقی بنیادی ڈھانچے اور اس میدان میں یونیورسٹی میں دستیاب سہولیات دکھانے کے لیے پروفیسر محمد ذوالفقار اور پروفیسر اشوندر کور پوپلی، وفد کو سینٹر فار نینو سائنس اینڈ نینو ٹیکنالوجی لے کر گئے۔ وفد نے جامعہ کے سائنسی ماحول اور اشتراکی روح کی ستائش کی۔ بین الاقوامی انگیجمنٹ بڑھانے کی خاص طور سے جاپان کے ساتھ، اس سلسلے میں جامعہ کی کوششوں میں یہ دورہ سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور تحقیق، جدت و اختراعیت اور اعلیٰ تعلیم میں طویل مدتی بامعنی ساجھیداری کے لیے اسٹیج تیار کرتا ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ